سوال نمبر 10765

منجانب: محترمہ نعیمہ کشور خان صاحبہ، ایم پی اے،

کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	نمبر شمار	جواب
(الف)	کیا بی آر ٹی منصوبہ مکمل ہو گیا ہے؟	(الف)	بی آر ٹی منصوبے کی معاہدے (Agreement) کے مطابق جزوی تکمیل ہو گئی ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو تین ڈیپو چمکنی، ڈبگری اور حیات آباد مکمل ہو گئے ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں نیز کیا کمرشل پلازہ اور پارک اینڈ رائیڈ کی سہولت مکمل ہو گئی اگر نہیں تو کیوں اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔	(ب)	بی آر ٹی کی ضروریات کے مطابق چمکنی ڈپو پر تعمیراتی کام جزوی طور پر مکمل کر لیا گیا ہے اور اس میں ماسٹر کنٹرول روم کام کر رہا ہے مزید براں بسوں کی سروس/صفائی سترائی کے لئے واشنگ پلانٹ کی تنصیب بھی ہو چکی ہے اور یہ بھی کام کر رہے ہیں اور ٹرانس پشاور کمپنی بھی KPUMA بلڈنگ میں منتقل ہو چکی ہے۔ اسکے علاوہ باقی دو عمارات میں ضرورت کے تحت بسوں کو سہولت مہیا کی جا سکتی ہے۔ تاہم سول ورک کا کچھ کام وہاں ہونا باقی ہے۔ کمرشل پلازہ اور پارک اینڈ رائیڈ قرضے کی مقرر کردہ میعاد میں انشاء اللہ مکمل ہو جائیں گے۔